سوال

فلموں میں شرکیہ مناظر کو دیکھنا؟

جواب

فلموں میں شرکیہ مناظر دیکھنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں فلمیں دیکھتا ہوں اوران میں شرکیہ مناظر ہوتے ہیں جیسے بتوں کو پوجنا وغیرہ، توکیا یہ شرک ہوگا؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! اللہ تعالی آپ کوہدایت دے، صراط مستقیم پر چلائے، اور عفت و عصمت کا مجسمہ بنائے، فلم کوئی بھی اسے دیکھنا حرام اورناجائز ہے، کیونکہ فلموں غیر محرم عورتیں برہنہ یانیم برہنہ حالت میں سکرین پر موجود ہوتی ہیں، اوراسلام نے ہمیں اپنی نگاہ کوجھکانے اور کسی غیر محرم عورت کی طرف نہ دیکھنے کا حکم دیا ہے۔ اسلام اوراسلامی نظامِ حیات 'ایک پاک وصاف معاشرے کی تعمیر اورانسانی اخلاق وعادات کی تہذیب کرتا ہے۔ اسلام نے جہالت کے رسم ورواج اوراخلاق وعادات کوجوہر قسم کے فتنہ وفساد سے لبریز تھے 'یکسر بدل کرایک مہذب معاشرے اورتہذیب کی داغ بیل ڈالی 'جس سے عام انسان کی زندگی میں امن 'چین اورسکون ہی سکون درآیا۔ اسلام اپنے ماننے والوں کی تہذیب اورپُرامن معاشرے کے قیام کےلئے جوپہلی تدبیر اختیار کرتا ہے 'وہ ہے: انسانی جذبات کوہر قسم کے ہیجان سے بچانا' وہ مرداورعورت کے اندرپائے جانے والے فطری میلانات کواپنی جگہ باقی رکھتے ہوئے انہیں فطری انداز کے مطابق محفوظ اور تعمیری انداز دیتا ہے۔ آپ اپنی اصلاح کریں اور فلمیں دیکھنے جیسے ایک حرام سے بچ گئے توا گلا سوال پیدا ہی نہیں ہوگا۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث